نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعظم کے زرعی ایمرجنسی پروگرام 2021-22 کے تحت گندم کی فی ایکڑ پیداوار کے قومی منصوبہ کے تحت زرعی آلات ومشینری کی رعایتی قیمت پر فراہمی کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور21اکتوبر2021: وزیراعظم کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور مشینی زراعت کے فروغ کیلئے کاشتکاروں کو زیرو ٹیلیج ڈرل، ہیپی سیڈرز، ڈرائی سوئنگ ڈرل،شیلو ڈرل، وتر سوئنگ ڈرل، ربیع ڈرل، ویٹ بیڈ پلانٹر اور سلیشر کی رعایتی قیمت پر فراہمی کیلئے محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکارو درخواستیں طلب کر لی ہیں۔اس ضمن میں ایسے کاشتکار/مزارع/ٹھیکیدار جو12.5ایکڑ تک زمین اور کم ازکم 50 ہارس پاور ٹریکٹر کا مالک ہو درخواست دینے کا اہل ہوگا۔زرعی رقبہ کی مشترکہ ملکیت کی صورت میں خاندان کا صرف ایک فرد سبسڈی سکیم کیلئے اہل ہوگا۔درخواست گزار ایک یا ایک سے زائد زرعی آلات یا مشینری کیلئے درخواست دے سکتا ہے۔اس سکیم کے تحت کاشتکار کو حاصل کردہ زرعی آلات/ مشینری 3 سال تک دوسرے کاشتکاروں کو کرایہ پر دینے کی پابندی ہوگی۔قرعہ اندازی میں نام نکلنے کی صورت میں 15 یوم کے اندر منظور کردہ فرم سے مجوزہ زرعی آلات یا مشینری کی بکنگ کروانا ہوگی۔زرعی آلات/ مشینری کی آلاٹمنٹ کے متعلق الاٹمنٹ کمیٹی/ ناظم اعلیٰ زراعت (توسیع) کا فیصلہ حتمی ہوگا۔کاشتکار کو شناختی کارڈ،ٹریکٹر کی رجسٹریشن بک، زرعی رقبہ اور فرد ملکیت کی تصدیق شدہ کاپی اور 100 روپے کے اشٹام پیپر پر بیان حلفی درخواست کے ساتھ جمع کروانا ہوگا۔اس ضمن میں کاشتکار درخواست فارم متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر سے حاصل کر سکتے ہیں اور مکمل درخواستیں متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں **30اکتوبر2021** تک وصول کی جائیں گی۔مزید معلومات کیلئے کاشتکار متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے دفتر میں دفتری اوقات میں رابطہ کر سکتے ہیں یا فون نمبر 042-99200774یا042-99200734پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆